معلومات اکھٹی کرنا

کینیڈا میں نئے آنے والوں کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے کے لئے

سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن کینیڈا
(کینیڈا کا شہریت اور ہجرت کا محکمہ)
(Citizenship and Immigration Canada / Citoyenneté et Immigration Canada (CIC))
امیگرینٹس، بشمول پناہ گزین، کی کینیڈا میں آباد ہونے میں مدد کرتا ہے۔ ایسا کرنے کے لئے ہم ملک کے طول و عرض میں نئے آنے والوں کو خدمات فراہم کرنے کے لئے تنظیمات کو فنڈز دیتے ہیں، جیساکہ زبان کی تربیت اور ملازمت کے بارے میں کونسلنگ یعنی صلاح مشورہ۔ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ امیگرینٹس کو صحیح خدمات ملیں، ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔

وہ تنظیمات جو آپ کو یہ خدمات فراہم کرتی ہیں اور جن کو سی آئی سی (CIC) فنڈز مہیا کرتا ہے، آپ سے کچھ ذاتی معلومات دینے کے لئے کہیں گی: آپ کا پورا نام، تاریخ پیدائش، اور امیگریشن نمبر یا امیگریشن دستاویزات۔ ہم آپ کو تاکید کرتے ہیں کہ جب آپ سے درخواست کی جائے تو آپ یہ معلومات فراہم کردیں۔

آپ کو خدمات فراہم کرنے والی تنظیم یہ معلومات سی آئی سی (CIC) کو دیتی ہے۔ اس عمل کے دوران، ہم آپ کی معلومات صیغہ راز میں رکھتے ہیں۔ آپ کی ذاتی معلومات آپ کی رضامندی کے بغیر کسی اور مقصد کے لئے استعمال نہیں کی جائیں گی۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ اپنے خدمت فراہم کرنے والے سے کسی بھی وقت کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کو یہ معلومات دکھائے۔

سی آئی سی (CIC) ذاتی معلومات کیوں اکھٹی کرتا ہے

سی آئی سی (CIC) ذاتی معلومات نئے آنے والوں کی ضروریات کو بہتر سمجھنے کے لئے اکھٹی کرتا ہے۔ ان معلومات کے ساتھ، ہم یہ یقینی بناسکتے ہیں کہ خدمات فراہم کرنے والی تنظیمات اچھی کارکردگی دکھا رہی ہیں، یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ ان خدمات کو کیسے بہتر بنایا جاسکتا ہے جن کے لئے ہم فنڈز مہیا کررہے ہیں، اورعوام کو یہ رپورٹ کرسکتے ہیں کہ ہمارے پروگرام کیسے کام کررہے ہیں۔ ان سب کی تکمیل کے لئے، ہم ان خدمات کے بارے میں جن کی آپ کو ضرورت ہے اور جن کو آپ نے استعمال کیا ہے آپ کی دی ہوئیں معلومات ان تفصیلات کے ساتھ جوڑتے ہیں جو آپ نے کینیڈا آنے کے لئے درخواست دینے پر فراہم کی تھیں۔

خدمت مہیا کرنے والی تنظیمات یہ معلومات ہمارے پروگراموں اور آپ کو فراہم کردہ خدمات کی منصوبہ بندی کرنے اور ان کا نظم و نسق کرنے میں مدد کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

ایسے، آپ کی معلومات یہ یقینی بنانے میں ہماری مدد کرتی ہیں کہ خدمات آپ کی ضروریات کے مطابق ہیں۔

آپ کی ذاتی معلومات کا تحفظ کیا جاتا ہے

اگرچہ *امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ* *(Immigration and Refugee Protection Act / Loi sur l’immigration et la protection des réfugiés)* یعنی مہاجروں اور پناہ گزینوں کے تحفظ کے قانون کے تحت سی آئی سی (CIC) کو آپ کی ذاتی معلومات اکھٹی کرنے کا اختیار ہے، کینیڈا کے پوشیدگی کے قانون کا تقاضا ہے کہ وفاقی حکومت آپ کی ذاتی معلومات کا تحفظ کرے۔ آپ کی معلومات بانٹی نہیں جاسکتیں، ماسوا جہاں تک *پرائیوسی ایکٹ* *(Privacy Act / Loi sur la protection des renseignements personnels)* یعنی پوشیدگی کے قانون میں اجازت دی گئی ہے۔ مزید معلومات کے لئے، *http://laws-lois.justice.gc.ca/eng/acts/P-21/page-3.html#h-6* دیکھیں۔

ذاتی معلومات جو آپ فراہم کرتے ہیں ان کو ایک ذاتی معلومات کے بینک میں سٹور کیا جاتا ہے جو ایک قسم کا اعداد و شمار کا ذخیرہ ہے، جسے سیٹلمینٹ اینڈ انٹگریشن سروسز (Settlement and Integration Services / Services d’établissement et d’intégration) یعنی آبادکاری اور دوسروں کے ساتھ گھتل مِل جانے کی خدمات کہتے ہیں۔ اس میں کچھ وہ معلومات بھی ہوتی ہیں جو آپ نے تب فراہم کی تھیں جب آپ نے کینیڈا آنے کے لئے درخواست دی تھی۔ یہ بینک کینیڈا کی حکومت کی ملکیت ہے۔ ان ذاتی معلومات کی اقسام کے بارے میں مزید جاننے کے لئے جو سیٹلمینٹ اینڈ انٹگریشن سروسز بینک (PIB # CIC PPU 062) میں رکھی جاتی ہیں، http://www.cic.gc.ca/english/department/atip/infosource/pibs.asp دیکھیں۔

آپ سی آئی سی (CIC) کے اپنے ذاتی معلومات کے رکارڈ تک رسائی ایکسس- ٹو انفارمیشن (access-to-information) یعنی معلومات تک رسائی یا *پرائیوسی ایکٹ* *(Privacy Act)* یعنی پوشیدگی کے قانون کی درخواست دے کر حاصل کرسکتے ہیں۔

تفصیلات کے لئے
www.cic.gc.ca/english/department/atip/index.asp دیکھیں۔

© Her Majesty the Queen in Right of Canada, represented by the Minister of Citizenship and Immigration, 2013